اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2016ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- اگر تم استاد اور معلم ہو تو دیکھو:

(a) معرکہ احد کو (b) قریش کے محکوم کو

(c) فاتح مکہ کو (d) صُفہ کی درس گاہ کے معلم کو ✓

2- انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی:

(a) خیر خواہ ملے (b) رہنما ملے

(c) خضرؑ ملے ✓ (d) ساتھی ملے

3- سر سید خطوں کا جواب دینے میں نہایت ۔۔۔۔ تھے:

(a) فراخ دل (b) کنجوس

(c) فیاض ✓ (d) دلیر

4- قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتنی کتابیں تھیں:

(a) ایک لاکھ سے زائد (b) ڈیڑھ لاکھ سے زائد

(c) دو لاکھ سے زائد ✓ (d) تین لاکھ سے زائد

5- نصف دریا کو اصطلاح میں کہتے ہیں:

(a) پنجند (b) راوی ضعیف ✓

(c) لوئر باری دوآب (d) ہیڈ تریموں

6- ''منیب چاند کی طرح خوبصورت ہے'' میں مشبہ ہے:

(a) چاند (b) کی طرح

(c) خوبصورت (d) منیب ✓

7- استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے:

(a) حقیقی معنوں میں
(b) مجازی معنوں میں ✓
(c) لغوی معنوں میں
(d) اصلی معنوں میں

8- "پلکوں پہ مچل رہے ہیں انجم" میں انجم کیا ہے:

(a) مستعارلہ
(b) مستعارمنہ ✓
(c) وجہ جامع
(d) وجہ شبہ

9- تلمیح ہے:

(a) چشمِ آہو
(b) دیدۂ بینا
(c) تیشۂ فرہاد ✓
(d) دلِ بیتاب

10- ایک ناوک نے اس کی مژگاں کے طائرِ سدرہ تک شکار کیا میں تلمیح ہے:

(a) ناوک
(b) مژگاں
(c) طائرِ سدرہ ✓
(d) شکار

11- مطلع کی تعریف یہ ہے کہ شعر کے دونوں مصرعے:

(a) ایک جیسے ہوں
(b) ایک دوسرے سے مختلف ہوں
(c) قافیہ اور ردیف کے پابند نہ ہوں
(d) ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوں ✓

12- تک میر جگر سوختہ کی جلد خبر لے کیا بھروسہ ہے یار چراغِ سحری کا' یہ شعر کیا ہے:

(a) مطلع
(b) مقطع ✓
(c) قافیہ
(d) ردیف

13- اب تو کچھ اور ہی اعجاز دکھایا جائے شام کے بعد بھی سورج نہ بجھایا جائے' اس شعر میں قافیہ ہے:

(a) کچھ اور
(b) اعجاز
(c) دکھایا، بجھایا ✓
(d) جائے

14- ----- کے الفاظ ہر شعر میں اپنے ہم وزن الفاظ کے ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں:

(a) مطلع
(b) مقطع
(c) قافیہ ✓
(d) ردیف

15- اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا' میں "نہیں ہوتا" کیا ہے:

(a) قافیہ
(b) ردیف ✓
(c) مطلع
(d) مقطع

16- سبزیوں کے استعمال سے قبض۔۔۔۔:

(a) جاتا رہا ✓
(b) جاتی رہی
(c) جاتے رہے
(d) ختم ہو گئی

17- اکرم کو کافی دیر بعد ہوش۔۔۔۔:

(a) آئے
(b) آئی
(c) آیا ✓
(d) رہی

18- اُسے اُردو نہیں۔۔۔۔ :

(a) آتا
(b) آتی ✓
(c) آتے
(d) سمجھ آتا

19- چند منٹوں میں جھاگ بیٹھ۔۔۔۔:

(a) گئی
(b) گئے
(c) رہی
(d) گیا ✓

20- "کلیاتِ اقبال" کئی بار چھپ۔۔۔۔:

(a) چکا ہے
(b) چکی ہے ✓
(c) چکے ہیں
(d) چکی ہیں